تنظیمِ اسلامی کا پیغام　　خلافتِ راشدہ کا نظام

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ　　امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

25اگست2026ء

# پریس ریلیز

## مسائل میں گِھری ہوئی امت کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ میں حقیقی فلاح ہے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** مسائل میں گِھری ہوئی امت کے لیے اُسوۂ رسول ﷺ میں حقیقی فلاح ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاوّل میں سیرت کانفرنسز اور محافل نعت کا انعقاد یقیناً قابل تحسین ہے اور اگرچہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضور ﷺ کی ثنا مطلوب ہے اور عبادت کا جزو بھی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام صرف مذہبی رسومات کی ادائیگی ہی کا نام نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے لہٰذا جب تک اس پر مکمل طور پر عمل نہیں کیا جاتا مسلمان دنیوی عزت و وقار اور اُخروی نجات حاصل نہیں کر سکیں گے۔ مسلمانوں کو نبی اکرم ﷺ کی مبارک سیرت اور اُسوہ پر اپنی نگاہیں مرکوز کرنا ہوں گی اور آپ ﷺ کے مشن کو اپنانا ہوگا اور یہ دیکھنا ہوگا کہ آپ ﷺ نے اعلانِ نبوت سے لے کر دنیا سے پردہ فرمانے تک کس مشن پر مسلسل عمل کیا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ اِس حوالے سے دو آراء ممکن ہی نہیں کہ آپ ﷺ نے مسلسل 23 سال تک اُس دین کو قائم و نافذ کرنے کی شب و روز جدوجہد کی جس کا اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو وحی کے ذریعے حکم دیا تھا۔ امیر تنظیم نے کہا کہ خطبہ حجۃ الوداع میں آپ ﷺ نے لوگوں سے یہ گواہی لی کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری کو احسن ترین طریقہ سے ادا کر دیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ اب یہ اُمت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اِس دین کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچادے۔ لیکن صد افسوس کہ آج عملی طور پر اُمتِ مسلمہ کا نام و نشان ہی نہیں اور یہی وجہ ہے کہ فلسطین، کشمیر، میانمار اور دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں کی داد رسی کرنے والا کوئی دکھائی نہیں دیتا۔ ہماری اس ذلت و رسوائی کی اصل وجہ قرآن سے دوری اور اُس ذِمہ داری کو جو ہمیں سونپی گئی تھی ادا کرنے میں ناکامی ہے۔ ہمیں یقینِ واثق ہے کہ اگر آج بھی خلوص اور جانفشانی سے دینِ اسلام کے نفاذ کی کوشش کی جائے تو اللہ تعالیٰ ہمیں کامیابی عطا فرمائے گا اور ہم ایک بار پھر اِس دنیا کی قیادت کریں گے اور یہ ہماری اُخروی نجات کا ذریعہ بھی بنے گا۔ ان شاءاللہ !

جاری کردہ

**رضاءالحق**

مرکزی ناظم نشرو اشاعت

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: August 25th, 2026**

## True success for the crisis-ridden Muslim Ummah lies in following the blessed example of the Holy Prophet (*S.A.W.W.*).

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that organizing Seerah conferences and gatherings of Naat during the month of Rabi-ul-Awwal is certainly commendable, and although praising Allah (*SWT*) and extolling the Holy Prophet (*S.A.W.W.*) are both desirable and form part of worship, the reality is that Islam is not merely about the performance of religious rituals; rather, it is a complete code of life. Therefore, unless Islam is followed in its entirety, Muslims will not be able to attain honor and dignity in this world or salvation in the Hereafter. Muslims must focus their attention on the blessed Seerah and example of the Holy Prophet (*S.A.W.W.*), adopt his mission, and reflect upon the mission that he steadfastly pursued from the proclamation of Prophethood until his departure from this world. We believe that there can be no two opinions on the fact that for 23 years, the Holy Prophet (*S.A.W.W.*) tirelessly struggled day and night to establish and implement the Deen that Allah (*SWT*) had commanded him through revelation. The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that during the Khutbah Hajjat-ul-Wida, the Holy Prophet (*S.A.W.W.*) called upon the people to bear witness that he had fulfilled, in the best possible manner, the responsibility entrusted to him by Allah (*SWT*), and at the same time declared that it was now the responsibility of the Ummah to convey this Deen to every corner of the world. Regrettably, however, today the Muslim Ummah has, for all practical purposes, ceased to exist as a collective force, and this is why there appears to be no one to come to the aid of oppressed Muslims in Palestine, Kashmir, Myanmar, and elsewhere across the world. The fundamental cause of our present humiliation and disgrace is our distance from the Holy Qur'an and our failure to fulfil the responsibility entrusted to us. We firmly believe that even today, if sincere and wholehearted efforts are made for the establishment and implementation of the Deen of Islam, Allah (*SWT*) will grant us success, enabling us once again to assume leadership in this world, while this struggle will also become a means of our salvation in the Hereafter. Insha'Allah!

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**